iOS کی سیکیورٹی (حصہ دوم)

ا۔ براوزر کے سیٹنگز اور انتخاب: چونکہ iOS میں سفاری براوزر پہلے سے ہی انسٹال ہوا آتا ہے تو بہتر یہی ہے کہ اسی کو استعمال کیا جائے، کیونکہ یہ تھوڑا بہت سیکیور ہے، باقی بس اس کے سیٹنگز میں یہ تبدیلی کر دیں۔

سب سے پہلے آپ اپنے فون کے سیٹنگز میں جائیں، پھر اس میں سفاری/ Safari پہ کلک کریں، اس میں Passwords & Autofill پہ کلک کریں، پھر اس میں جتنے بھی آپشن ہیں سب کو Off کریں یا None پہ رکھیں، جیسا نیچے تصویر میں دکھایا ہے۔

1



2

جیسا کہ پچھلے اسباق میں بتا چکا ہوں کہ کچھ کمپنیاں اپنے صارفین کی مکمل معلومات لیتے ہیں جس میں گوگل سر فہرست ہے، اور وہ دوسرے حکومتوں کو یہ معلومات فراہم بھی کر سکتے ہیں، اس لئے بہتر یہی ہوگا کہ آپ گوگل استعمال نہ کریں، یعنی انٹرنیٹ میں سرچ کرنے کیلئے گوگل کی بجائے دوسرا کوئی سرچ انجن استعمال کریں۔ سب سے محفوظ سرچ انجن "ڈک ڈک گو" ہے، اس لئے اپنے براوزر کا سرچ انجن اسی پہ رکھیں۔

اس کیلئے آپ اسی سفاری کے سیٹنگز میں search engine پہ کلک کریں، اور اس میں آپ Duck Duck Go پہ کلک کریں۔

1



2



اگرچہ یہ گوگل کی طرح تیز اور چیزیں نہیں ڈھونڈ سکتا، مگر احتیاط اسی میں ہے کہ اس کا استعمال کیا جائے اگرچہ یہ اس کا اچھا متبادل نہیں۔

باقی اب براوزر کی سیٹنگز میں پرائویسی اینڈ سیکیورٹی سیٹنگز کے اندر Do not Track والے آپشن کو On کریں، اس سے ویب سائٹ آپ کی لوکیشن معلوم نہیں کر سکینگی۔

دوسرا اس میں Block cookies کو Always Block پہ رکھیں، اس سے براوزر کوکیز کو سیو/محفوظ نہیں رکھیگا جس میں یہ معلومات ہوتی ہیں کہ آپ نے کس کس ویب سائٹ کو دیکھا ہے۔

تیسرا آپ اس میں Fraudulent Website Warning والے آپشن کو On پہ رکھیں، اس سے یہ ہوگا کہ جو ویب سائٹ فراڈ ہوں اس براوزر کے مطابق اس پہ آپ کو ایک وارننگ/تنبیہ آئیگی کہ اس ویب سائٹ پہ نہ جائیں۔



براوزر آپ اس کے علاوہ سیف براوزر استعمال کر سکتے ہیں جو کسی حد تک محفوظ ہے اور اس کے علاوہ 'اوپرا منی' بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

Safe browser کا لنک:

https://itunes.apple.com/gb/app/kaspersky-safe-browser-fast/id723879672?mt=8

Opera Mini کا لنک:

https://itunes.apple.com/gb/app/opera-mini-web-browser/id363729560?mt=8

۲۔ پراکسی یعنی آئی پی ایڈریس تبدیل کرنے کیلئے سافٹویئر کا استعمال:

جیسا ہمیں معلوم ہے کہ سب سے محفوظ نیٹ ورک 'ٹور' کا ہوتا ہے مگر چونکہ آئی فون میں 'ٹور براوزر' فری میں نہیں ملتا اور اسے استعمال کرنے کیلئے فون کو جیل بریک کرنا پڑتا ہے اور جیل بریک کے بعد بھی اس کے چلانے میں مسئلہ پیش آتا ہے اس لئے ہم اس کا استعمال نہیں کرینگے۔

پراکسی سافٹویئر iOS میں دو سافٹویئر ایسے ہیں جو کافی حد تک محفوظ ہیں، لیکن وہ فری نہیں ہیں ان کو صرف کچھ مدت کیلئے فری میں استعمال کر سکتے ہیں مگر کچھ کو ڈالنے سے ان کو زیادہ مدت تک استعمال کر سکتے ہیں۔ ان میں سے پہلا سافٹویئر یہ ہے:

الف: ایف سیکیور فریڈوم: اس کو یہاں سے ڈاونلوڈ کریں

https://itunes.apple.com/gb/app/f-secure-freedome-vpn/id771791010?mt=8

ڈاونلوڈ کرنے کے بعد اسے کھولیں،ایک اسکرین آئیگی ٹٹوریئل کیلیئے اسے اسکپ کردیں۔

پھر اس کے کھلنے کے بعد اب کوڈ ڈالنے کیلیئے اس میں ڈراپ مینیو یعنی تین لکیروں والے آپشن کو کلک کریں جیسا نیچے تصویر نمبر ۲ میں دکھایا ہے۔

پھر اس میں سبسکرپشن پہ کلک کریں۔

پھر ہیوا ے کوڈ/ have a code پہ کلک کریں۔

1

2



3



4



پھر ایک کوڈ لکھنے کی جگہ آئیگی اس میں یہ کوڈ ڈالیں۔

w9f4ct

اب آپ اس کو تین مہینے تک استعمال کر سکینگے۔

اس کو چلانے کیلئے Off پہ کلک کریں On لکھا نظر آئیگا یعنی اب چل رہا ہے، اور نیچے لوکیشن پہ کوئی سا بھی لوکیشن سیلکٹ کریں۔

ب: آواسٹ سیکیورلائن: اس کو یہاں سے ڈاونلوڈ کریں

https://itunes.apple.com/gb/app/secureline-vpn-wifi-security/id793096595?mt=8

انسٹال کرنے کے بعد اسے کھولیں، جب آپ اسے کھولینگے تو ایک اسکرین نظر آئیگی جس میں لکھا ہوگا کہ اس وی پی این کو چلانے کیلئے آپ کو پروفائل انسٹال کرنا ہوگا، تو آپ اس میں Install profile پہ کلک کریں، اس کے بعد پھر ایک اسکرین آئیگی اس میں install پہ کلک کریں، اس طرح دو اور اسکرین آئینگی دونوں میں آپ نے install پہ کلک کرنا ہوگا، پھر وہ پروفائل انسٹال ہوگا۔

اس سافٹویئر کو بھی چونکہ ایک ہفتے کیلئے فری استعمال کر سکتے ہیں اس لئے ہم اس میں بھی ایک کوڈ کا استعمال کرینگے جس سے ہم اس کو مزید تین، چار سال تک استعمال کر سکینگے۔ اس کیلئے آپ نیچے دئے گئے تصویر کو ملاحظہ فرمائیں۔



یعنی پہلے سیٹنگز میں جائیں، پھر سبسکرپشن پہ کلک کریں، پھر اس میں اِنٹرا سے سبسکرپشن کوڈ پہ کلک کریں، پھر یہ کوڈ ڈالیں

9TEBFXATDZXY

اب آپ اس کو کئی سالوں تک مفت استعمال کر سکتے ہیں، اب اس کو چلانے یا کنیکٹ کرنے کیلئے یہاں سے پیچھے جائیں اور مین اسکرین پہ کنیکٹ پہ کلک کریں، جب صحیح کا نشان آئیگا تو سمجھ لیں کہ چل رہا ہے۔

نوٹ: جب ان دونوں سافٹوئیر کو چلاوگے تو یہ چیک کرنے کیلئے کہ واقعی یہ آئی پی ایڈریس تبدیل کر رہے ہیں یا نہیں، اس کیلئے اس لنک پہ جائیں دیکھیں کہ کونسا آئی پی دکھا رہا ہے اور لوکیشن کیا بتا رہا ہے۔

http://www.whatismyipaddress.com

یہاں تک آئی فون اور آئی پیڈ کی سیکیورٹی کا اختتام کرتے ہیں، باقی آپ اینڈرائیڈ سیکشن میں دیکھ سکتے ہیں کہ مزید کیا کیا کرنا ہے، مثلاً بی بی ایم کا استعمال اور ٹیلیگرام کا استعمال وغیرہ۔

اس ای میل ایڈریس پہ اپنے مفید مشورے اور قیمتی آراء سے ہمیں ضرور آگاہ کریں،

abuturab@tutanota.com

اپنے نیک دعاوں میں ضرور یاد رکھئے گا

آپ کا بھائی

ابو تراب

ویب سائٹ:besafer.wordpress.com